سہ فریقی ویمنز ٹی ٹوئنٹی سیریز: پاکستان ویمنز اے نے ویسٹ انڈیز ویمنز اے کو 12 رنز سے ہرا دیا

- سدرہ نواز کی نصف سنچری، حمنہ بلال کی تین وکٹیں

لاہور 3 نومبر، 2023ء:

پاکستان ویمنز اے نے ویسٹ انڈیز ویمنز اے کو سہ فریقی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے پہلے میچ میں 12 رنز سے شکست دیدی۔

یاد رہے کہ اس سیریز میں شریک تیسری ٹیم تھائی لینڈ ویمنز ایمرجنگ کی ہے جو اپنا پہلا میچ ہفتے کے روز ویسٹ انڈیز ویمنز اے کے خلاف کھیلے گی۔

جمعہ کے روز قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے سیریز کے پہلے میچ میں ویسٹ انڈیز ویمنز اے نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔

پاکستان ویمنز اے ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 112 رنز بنانے میں کامیاب ہوسکی۔
جواب میں ویسٹ انڈیز ویمنز اے ٹیم 20 اوورز میں 100 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

پاکستان ویمنز اے کی طرف سے سدرہ نواز نے 40 گیندوں پر 54 رنز کی ناٹ آؤٹ اننگز کھیلی جس میں سات چوکے شامل تھے۔ عمیمہ سہیل نے تین چوکوں کی مدد سے 27 رنز بنائے۔ ان کے علاوہ کوئی بھی بیٹر قابل ذکر کارکردگی نہ دکھا سکی۔

ویسٹ انڈیز ویمنز اے کی طرف سے شینیتا گریمنڈ نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

ویسٹ انڈیز ویمنز اے کی اننگز میں کپتان راشادا ولیمز کے سوا کوئی بھی بیٹر پاکستان کی بولنگ کے سامنے اعتماد سے بیٹنگ نہ کر پائی۔ ولیمز نے تین چوکوں کی مدد سے 21 رنز اسکور کیے۔ چیری این فریزر نے تین چوکوں کی مدد سے 18 رنز کی اننگز کھیلی۔

مہمان ٹیم کو آخری اوور میں جیت کے لیے 20 رنز درکار تھے لیکن حمنہ بلال کی عمدہ بولنگ نے اسے اس کا موقع ہی نہیں دیا۔ وہ اس اوور میں دو وکٹیں لینے میں کامیاب رہیں۔ انہوں نے اپنے تین اوورز میں صرف 17 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

سدرہ نواز پلیئر آف دی میچ قرار پائیں۔

مختصر اسکور:

پاکستان ویمنز اے۔112 رنز 5 کھلاڑی آؤٹ (20 اوورز) سدرہ نواز 57 ناٹ آؤٹ، عمیمہ سہیل 27، شینیتا گریمنڈ 11/2 وکٹ

ویسٹ انڈیز ویمنز اے۔100 (20 اوورز) راشادا ولیمز 21، حمنہ بلال 17/3 وکٹ، عمیمہ سہیل 15 / 2 وکٹ

-ENDS -

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial